**Dr.Naeem Liaqat**
Assistant Professor
Pediatric Surgery
Medicare Hospital, SaidPur road, Rawalpindi

# COLOSTOMY REVEARSAL



# Dr.Naeem Liaqat

Assistant Professor

Pediatric Surgery

Medicare Hospital, SaidPur road, Rawalpindi


Patient Name: ______________________________________

Age/ Gender: _______________________________________

Date of Colostomy: __________________________________

Date of PSARP: _____________________________________

Date of Colostomy Revearsal: _________________________

Consultant: ________________________________________

Imperforate Anus or Anorectal Malformation (ARM) ایک ایسی بیماری ھے جس میں بچے کی پوٹی کی جگہ اپنی صیحح جگہ پر نھیں بنی ھوتی۔
یہ ایک عام بیماری ہے اور ہر پانچ ہزار بچوں کی پیدائیش میں سے ایک بچے کو یہ بیماری ھوتی ہے۔
اِس بیماری کی بہت سی اقسام ھیں اور سب بچوں میں ایک سی نہیں ہوتی۔ یعنی کہ کچھ بچوں میں پوٹی کی جگہ بالکل نہیں بنی ھوتی جبکہ کچھ میں پوٹی کی جگہ کہیں اور کھل رہی ہوتی ھے۔ عام طور پرِاس بیماری کے ساتھ کچھ اور بیماریاں بھی ھوتی ھیں اور یہ اکٹھی پائی جاتی ھیں :

گردوں کی بیماری

مہروں کی بیماری

آنتوں کی بیماری

دِل کے مسائل

چھوٹے اور بڑے پیشاب کے کنڑول کے مسائل

ہر بچے میں یس کی بیماری کے مطابق علاج تجویز کیا جاتا ہے مگر عام طور پر تین آپریشن کیے جاتے ھیں۔

پہلا آپریشن :

پہلے آپریشن میں پوٹی کا راستہ پیٹ پر بنایا جاتا ھے اور اِسے Stoma کہتے ھیں۔ یہ آپریشن زیادہ تر بچوں میں کچھ دن کی عمر میں کیا جاتا ہے۔

دوسراآپریشن :

دوسرے آپریشن میں ہم پوٹی کا راستہ اپنی صیحح جگہ پر بناتے ہیں۔ یہ آپریشن ایک بڑا اور سب سے ضروری آپریشن ہوتا ھے۔ یہ آپریشن چار سے چھ ماہ کی عمر میں کیا جاتا ھے۔ اِس آپریشن کے دو سے تین ہفتہ کے بعد آپریشن کی جگہ کو دوبارہ چیک کیا جاتا ھے اور ایک خاص طریقے سے کچھ راڈز بچے کی پوٹی کی جگہ پر ڈالے جاتے ھیں۔

تیسراآپریشن :


عام طور پر یہ آپریشن آخری ہوتا ھے اور اس میں بچے کی پوٹی کا راستہ پیٹ سے ہٹایا جاتا ھے تا کہ بچہ اپنی نارمل جگہ سے پوٹی کر سکے۔ یہ آپریشن دوسرے آپریشن کے دو ماہ بعد کیا جاتا ھے۔

# Dr.Naeem Liaqat

Assistant Professor

Pediatric Surgery

Medicare Hospital, SaidPur road, Rawalpindi

# Dr.Naeem Liaqat

Assistant Professor
Pediatric Surgery
Medicare Hospital, SaidPur road, Rawalpindi


## Post-operative Instructions

### سرجری کے بعد کی ہدایات

اِس آپریشن کے بعد عام طور پر بچے بغیر کسی پیچیدگی کے ٹھیک ہو جاتے ہیں اور انہیں کسی مسئلے کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

### کتنے دن ہسپتال رکنا ہو گا؟

عام طور پر چھ سے سات دِن بعد بچے کو گھر بھیج دیا جاتا ہے، جس میں یہ تسلی کی جاتی ہے کہ بچہ ٹھیک سے کھانا کھا رہا ہو، پوٹی کر رہا ہو، اور اسے بخار نہ ہو رہا ہو۔ بچے کے کھلونے، موبائل وغیرہ ہسپتال منگوالیں تا کہ بچے کا دل بہلا رہے۔

### پٹی کی احتیاط

یہ پٹی ہر دوسرے دن تبدیل کریں۔ ہم اس کے لیے Post-op Opsite استعمال کرتے ہیں۔ یہ پٹی ہر فارمیسی سے آرام سے مل جاتی ہے۔ زخم کو سپرٹ سے اچھی طرح صاف کریں اور پٹی گھر میں ہی تبدیل کریں۔

### کب نہلائیں

آپریشن کے پانچ دن بعد آپ بچے کو نہلا سکتے ہیں۔ جب بھی پٹی تبدیل کرنی ہو تو اس سے پہلے بچے کو نہلائیں اور پھر پٹی تبدیل کریں۔

### دوائیں

آپریشن کے بعد پہلے دو سے تین درد زیادہ ہوتا ہے۔ ہم عام طور پر پیناڈول اور بروفن کا سیرپ استعمال کرتے ہیں۔ پیناڈال سیرپ دن میں چار مرتبہ ہر چھ گھنٹے بعد (جیسا کہ صبح چھ بجے، دوپہر بارہ بجے، شام چھ بجے، رات بارہ بجے) دیں۔ اگر درد زیادہ ہو تو بروفن سیرپ بھی ساتھ دے سکتے ہیں مگر اس کا ٹائم تین گھنٹے کے بعد ہو گا (جیسا کہ صبح 9 بجے، شام دوپہر 3 بج، شام نو بجے، رات تین بجے) تا کہ بچے کو ہر تین گھنٹے بعد ایک درد کی دوا مل جائے۔ بڑے بچوں میں بھی اسی طرح پیناڈال اور بروفن دی جاتی ہے مگر ان میں ہم کچھ اور دوائیں بھی ساتھ دیتے ہیں۔۔ آپریشن کے بعد اینٹی بائیوٹکس دی جاتی ہے جو کہ پانچ سے سات دن بعد عام طور پر بند کر دی جاتی ہے۔

### ٹانکے

ٹانکے عام طور پر آپریشن کے دس سے بارہ دن بعد نکالے جاتے ہیں۔

# Dr.Naeem Liaqat

Assistant Professor
Pediatric Surgery
Medicare Hospital, SaidPur road, Rawalpindi

**بخار**

آپریشن کے بعد پہلی رات بخار ہو سکتا ہے جو کہ نارمل ہے اور اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں. آپریشن کے کچھ دن بعد بخار، چڑچڑاپن، کان یا گلے کا انفیکشن ہونے کی صورت میں فوری ڈاکٹر کو دکھائیں۔

**زخم**

کبھی کبھار آپریشن کے بعد ٹانکے ٹوٹ کر کھل جاتے ہیں اور یہ زخم کے کسی بھی جگہ پر ہو سکتا ہے۔ اگر جلد سرخ ہو جائے یا چھونے پر گرم محسوس ہو اور درد میں اضافہ ہو جائے تو آپ کو ڈاکٹر کو دکھانے کی ضرورت ہے۔ ٹانکے کھلنے کی صورت میں زخم کی صفائی بہت ضروری ہو جاتی ہے۔ اگر زخم سے پیپ آنا شروع ہو جائے تو دوبارہ ڈاکٹر کو دکھائیں۔

**سرگرمیاں(Activities)**

عام طور پر ہم بچوں کو سرگرمیاں محدود کرنے کا نھیں کہتے۔ تاہم کھلونے جیسا کہ جمپر (Jumper) ، سائیکل چلانے سے پرہیز کروائیں۔ بڑے بچوں کو دو ھفتے تک تیراکی، فٹبال، بھاری بھر کم کام یا ایسی کھیلوں سے احتیاط کرنی ہے۔

**دوبارہ کب دکھائیں**

بچے کو آپریشن کے پانچ دن بعد دوبارہ ہسپتال لائیں۔ اس کے بعد دو ہفتے بعد پھر آنا ہو گا۔

**کھانے کو کیا دیں**

اس آپریشن کے بعد عام طور پر چار سے پانچ دن تک بچے کا کھانا پینا مکمل طور پر بند رکھا جائے گا۔ جب بچے کی آنتوں کی حرکت واپس آجائے گی تو اسے پانی یا ORS دیا جائے گا۔ اس کے بعد تازہ جوس، دودھ اور پینے والی چیزیں دیں گے۔ پھر نرم چیزیں جیسا کہ فروٹ، یخنی، کھیر، چاول دیں گے۔

گھر جانے کے بعد بچے کی خوراک بھی بہت ضروری ہے۔ عام طور پر چونکہ بچہ Stoma پر آرام سے پوٹی کر رہا ہوتا ہے، تو والدین اسے دودھ زیادہ دے رہے ہوتے ہیں۔ مگر جیسے بچہ بڑا ہو رہا ہوتا ہے تو اس کی ضروریات بھی تبدیل ہو رہی ہوتی ہیں اور غذا تبدیل کرنا بہت ضروری ہے۔

**وہ غذائیں جن سے پوٹی نرم ہوتی ہے(چار سے چھ ماہ کی عمر کے لیے)**

دلیہ، مٹر، ناشپاتی، گاجر، آلو، شکر قندی، سبزیاں، تازہ پھلوں کے جوس

**وہ غذائیں جن سے قبض ہوتی ہے اور جو کم مقدار میں دیں(چار ماہ کی عمر کے بعد)**

# Dr.Naeem Liaqat

Assistant Professor
Pediatric Surgery
Medicare Hospital, SaidPur road, Rawalpindi


چاول کی کھیر، سفید چاول،آلو بغیر چھلکے کے، مالٹا، بہت زیادہ چینی والے کھانے، شلجم،آم،ڈبل روٹی، پاستہ

**وہ غذائیں جن سے پوٹی نرم ہوتی ہے(آٹھ سے دس ماہ کی عمر کے لیے)**

سٹرابری، تربوز، خربوزہ،انگور، کیوی فروٹ، بغیر چھنے ہوئے آٹے کی روٹی، سبز پتوں والی سبزیاں، گندم کا دلیہ

**وہ غذائیں جن سے پوٹی نرم ہوتی ہے(دس ماہ کی عمر کے بعد کے لیے)**

بند گو بھی، کھیرا، ٹماٹر، بادام، مٹر، فروٹ، کھجور، گاجر،آلو بغیر چھلے ہوئے، دالیں، گندم کی روٹی، شکر قندی،انگور

**وہ غذائیں جن میں کیلشئیم زیادہ مقدار میں ہے(یہ خوراک تمام عمر کے بچوں کو دیں)**

دودھ، چیز،دہی، سویابین، مٹر،اورنج جوس،لوبیہ

## Bowel Management Programکیاہے؟

اس آپریشن کے بعد اگلا مرحلہ Bowel Management Program ہے۔آپ اس آپریشن کے ایک ماہ بعد دوبارہ آئیں گے اور ہم بچے کا پوٹی کا کنٹرول چیک کریں گے۔یہ پروگرام ہم عام طور پر تین سال کی عمر میں شروع کرتے ہیں اور اس کا مقصد یہ ہے کہ بچہ روزانہ ایک سے دو مرتبہ پوٹی کرلے اور اس دوران پوٹی لیک نہ ہو۔اس کی مکمل تفصیل ہم آپ کو کچھ دن میں دیں گے۔

## (Emergency)ہنگامی صورتحال

اس آپریشن کے بعد ہنگامی صورتحال( Emergency) ہونے کے خدشات بہت کم ہیں اور زیادہ تر حالات میں آپ کلینک کے ٹائم(شام چار بجے سے آٹھ بجے کے دوران) فون کرکے بات کرسکتے ہیں۔اگر کوئی ایمرجنسی صورتحال ہو یا فوری مسئلہ ہو تو بچے کو لے کر ہسپتال کسی بھی وقت آسکتے ہیں۔

اس آپریشن کے بعد کسی بھی مسئلے کیلئے ایمرجنسی میں موجود ڈاکٹر کے پاس یا کسی اور کلینک پر مت جائیں۔عام طور پر ایمرجنسی میں موجود ڈاکٹر اس بیماری اور اس کی احتیاط کو نہیں جانتے ہوتے اور انہیں معلوم نہیں ہوتا کہ کیا کرنا چاہیے۔ہم نہیں چاہتے کہ ہم سے مشورہ کئے بغیر کوئی ڈاکٹر اس جگہ کو چھوئے۔سو اگر کوئی بھی ایمرجنسی صورتحال ہو تو کسی بھی وقت اسی ھسپتال آ جائیں یا ہمارے واٹس ایپ نمبر03343307728پر تصویر بھیجیں اور ہم سے رابطہ کریں۔